© rasailojaraid.com



# مجالسِ احرار اسلام کے انتخابات

## سلانوالی میں مجلس احرار اسلام کا قیام

### ابن امیر شریعت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سید خالد مسعود گیلانی اور مولانا محمد مغیرہ کا احرار کارکنوں کے انتخابی اجلاس سے خطاب

گزشتہ دنوں سلانوالی میں مجلس احرار اسلام کا قیام عمل میں آیا۔ ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اس انتخابی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے اور انہی کی نگرانی میں درج ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

صدر : سید سہیل گیلانی

نائب صدور: محمد ندیم شیخ، محمد یامین کھوکھر

ناظم : عتیق عامر

نائب ناظم: محمد جاوید سیال

ناظم نشر و اشاعت: محبوب احمد

خازن : حامد چودھری

رکن مرکزی مجلس شوریٰ: سید خالد مسعود گیلانی

اس موقع پر ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے اپنے انتہائی مختصر خطاب میں فرمایا کہ:

مجلس احرار اسلام ہمیشہ عقائد کے تحفظ کے لئے سرگرم رہی ہے۔ عقیدہ ایک مسلمہ حقیقت جس پر اللہ کے آخری نبی سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی مہر تصدیق ثبت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ عقید اور نظریہ میں بنیادی فرق یہ ہے کہ عقیدہ وحی والہام سے مربوط ہے۔ جبکہ نظریہ انسان کی ذہنی ایجاد و اختراع ہے۔ اسی لئے احرار کا ہر کارکن شعوری طور پر عقیدہ کے تحفظ کے لئے جنگ کر رہا ہے۔ یہ جنگ اور یہ محنت دنیا و آخرت میں اجر و ثواب کا ذریعہ ہے۔

محترم سید خالد مسعود گیلانی نے کہا کہ ہمارے بزرگوں نے مجلس احرار اسلام کے سٹیج سے دین حق



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے لئے بڑی شاندار جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے دین کے خلاف اٹھنے والے تمام فتنوں کا تعاقب کیا خصوصاً فتنۂ مرزائیت کا سر کچل کر رکھ دیا۔ ہم آج بھی اسی مشن اور منزل کے راہی ہیں اور انشاء اللہ پوری استقامت کے ساتھ یہ جدوجہد جاری رکھیں گے۔

مقامی عہدیداروں اور احرار کارکنوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ سلانوالی میں مجلس احرار اسلام کو مضبوط کریں گے اور زیادہ سے زیادہ احباب کو جماعت میں شمولیت کی دعوت دیں گے۔

## انتخاب مجلس احرار اسلام احمد پور شرقیہ

امیر: جناب ابو معاویہ قاری محمد رمضان صاحب

ناظم: جناب ڈاکٹر عبدالحفیظ ہاشمی صاحب

ناظم نشرواشاعت: جناب ڈاکٹر عبدالرشید صاحب

رکن برائے مرکز: قاری محمد رمضان صاحب

## انتخاب مجلس احرار اسلام بھکر

| | | |
|---|---|---|
| صدر | : | غلام اکبر صاحب |
| نائب صدر اوّل | : | محمد طفیل صاحب |
| نائب صدر دوم | : | صوفی مشتاق احمد صاحب |
| ناظم اعلیٰ | : | قاری عبدالشکور صاحب |
| نائب ناظم اوّل | : | راؤ زاھد حسین صاحب |
| نائب ناظم دوم | : | رانا شبیر احمد صاحب |
| سیکرٹری نشرواشاعت | : | محمد شاہد صاحب |
| مقامی مجلس شوریٰ | : | عبدالرؤف صاحب، قاری عبدالرحمن صاحب |
| ارکان مرکزی مجلس شوری | : | رانا مرتضیٰ صاحب، حافظ عبدالرؤف صاحب، رانا شبیر احمد، قاری عبدالشکور |



© rasailojaraid.com